نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت فلڈ ریلیف سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق محکمہ زراعت پنجاب فلڈ ریلیف آپریشنز میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور14 ستمبر2025: وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ زراعت پنجاب فلڈ ریلیف آپریشنز میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں فلڈ ریلیف سرگرمیوں کیلئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ایڈمن اعجاز منیر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ عامر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر عبدالقیوم و دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز و ڈپٹی ڈائریکٹرز زراعت توسیع بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ حالیہ سیلاب کے زرعی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔انھوں نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سیلاب متاثرین کے جانوروں کی خوراک و چارے کے بہترین انتظامات کئے جائیں۔ضلعی انتظامیہ اور لائیو سٹاک سے روابط مزید مضبوط کئے جائیں۔علاوہ ازیں، جہاں سے سیلاب کا پانی اُتر گیا ہے وہاں فیلڈ وزٹ کا سلسلہ شروع کیا جائے۔سیلاب متاثرہ کاشتکاروں سے فصلوں اور انفراسٹرکچر کو پہنچنے والے نقصان بارے جائزہ لیا جائے۔زمین کی بحالی اور اگلی فصل کی کاشت سے متعلق حکمت عملی بارے راہنمائی فراہم کی جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ سیلاب متاثرین کے بلند حوصلہ،صبر،قناعت پسندی اور جذبہ قابل ستائش ہے۔حکومتی سطح پر نقصان کے ازالے کے لئے جلد کمیٹیاں تشکیل دی جا رہی ہیں۔سیلاب متاثرین کے مشکلات کے حل کیلئے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انھوں نے واضح کیا کہ محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز 24/7 سیلاب متاثرین کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں۔

☆☆☆☆